رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)( تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) 218 - (انٹر پارٹ۔II) وقت : 20 منٹ

سوالیہ پرچہ : II (معروضی طرز) PAPR CODE = 8021 LHR-G1-12-18 کل نمبر : 20

(پہلا گروپ)

نوٹ : ہرسوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہرسوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

**دیے گئے سوالات کے جوابات میں سے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 1-1 | محنت پسند خردمند کو کس کا شاگرد بتایا گیا : | (A) کمال کا | (B) محنت کا | (C) ہنر کا | (D) غرور کا |
| 2 | جن نے تبرک کے طور پر اکبری کو مفت دی : | (A) یاقوت کی انگوٹھی | (B) فیروزے کی انگوٹھی | (C) سونے کی انگوٹھی | (D) موتیوں کی جوڑی |
| 3 | ڈرامہ دستک میں بیگم زیدی کی عمر ہے : | (A) پنتالیس سال | (B) پچاس سال | (C) پچپن سال | (D) ستاون سال |
| 4 | مولانا ظفر علی خاں عام طور پر کتنی دیر میں نظم مکمل کرلیا کرتے تھے: | (A) دو گھنٹے میں | (B) ڈیڑھ گھنٹے میں | (C) ایک گھنٹے میں | (D) آدھ گھنٹے میں |
| 5 | مسلم لیگ کا قیام عمل میں آیا : | (A) 1906ء | (B) 1908ء | (C) 1910ء | (D) 1947ء |

**مطابقت اور حروف کے صحیح استعمال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 6 | "ادبی دنیا" بند ہو ---- : | (A) چکے ہیں | (B) چکا ہے | (C) چکی ہے | (D) چکے ہوئے ہیں |
| 7 | ہجوم نعرے ---- : | (A) مار رہا ہے | (B) لگا رہے ہیں | (C) لگا رہا ہے | (D) مار رہے ہیں |
| 8 | میاں بیوی ہنسی خوشی ---- : | (A) رہتی ہے | (B) رہتا ہے | (C) رہتے ہیں | (D) رہتی تھی |
| 9 | اگرچہ وہ غریب ہے ---- دیانت دار ہے : | (A) البتہ | (B) جبکہ | (C) تاکہ | (D) لیکن |
| 10 | وہ صرف جھوٹا ہی نہیں ---- چور بھی ہے : | (A) لیکن | (B) بلکہ | (C) کیونکہ | (D) چونکہ |

**رموزِ اوقاف کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 11 | تفصیلیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے: | (A) جواب دینے کے لیے | (B) ٹھہراؤ کے لیے | (C) تفصیل کے لیے | (D) سوال پوچھنے کے لیے |
| 12 | ( ؛ ) علامت ہے : | (A) سکتہ کی | (B) وقفہ کی | (C) ختمہ کی | (D) رابطہ کی |
| 13 | سکتہ کہتے ہیں : | (A) سب سے کم ٹھہراؤ کو | (B) سوال پوچھنے کو | (C) فقرے کی تکمیل کو | (D) پکارنے کو |
| 14 | ندائیہ کی علامت استعمال ہوتی ہے : | (A) بھرپور ٹھہراؤ کے لیے | (B) جملہ معترضہ کے لیے | (C) کم ٹھہراؤ کے لیے | (D) پکارنے کے لیے |
| 15 | کسی کا قول نقل کرنے کے لیے علامت استعمال ہوتی ہے: | (A) قوسین | (B) واوین | (C) سکتہ | (D) وقفہ |

**امدادی افعال کے اصولوں کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درست جواب منتخب کیجیے :**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| 16 | ڈالنا : | (A) اُس نے لیٹر بکس میں خط ڈالا۔ | (B) اسلم نے گلاس میں پانی ڈالا۔ | (C) بلی نے چوہے کو مار ڈالا۔ | (D) اُس نے سالن میں نمک ڈالا۔ |
| 17 | پڑنا : | (A) وہ فرش پر پڑا رہا۔ | (B) بچہ گر پڑا۔ | (C) کاپی میز پر پڑی ہے۔ | (D) اسلم نے خط پڑھا۔ |
| 18 | لگنا : | (A) مجھے بھوک لگی ہے۔ | (B) کشتی کنارے جا لگی۔ | (C) مزدور کے سر میں اینٹ لگی۔ | (D) اسلم اچھا لگتا ہے۔ |
| 19 | رکھنا : | (A) کتابیں سنبھال رکھو۔ | (B) کپڑے الماری میں رکھو۔ | (C) روزے رکھنے فرض ہیں۔ | (D) کاپی میز پر رکھو۔ |
| 20 | آنا : | (A) کسی روز میرے گھر آنا۔ | (B) میرے سامنے مت آؤ۔ | (C) ذرا ادھر کو آؤ۔ | (D) بچے کو لے آؤ۔ |



ParhloPakistan.com

رول نمبر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔(امیدوار خود پُر کرے)(تعلیمی سیشن 2014-2016 تا 2016-2018)

اردو (لازمی) 218 - (انٹر پارٹ۔II) وقت : 2.40 گھنٹے

پرچہ : II (انشائی طرز) (پہلا گروپ) LHR-G1-12-18 کل نمبر : 80

(حصہ اوّل)

2۔ (الف) درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,1,8

دل رہینِ صَوْمَعہ ، دستار رہینِ میکدہ تھا ضمیر جعفری بھی اک مزے دار آدمی

پہلے کشتی ڈوب جاتی تھی نظر کے سامنے اب گرے گا بحرِ اوقیانوس کے پار آدمی

(ب) درج ذیل اشعار کی تشریح الگ الگ کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے : 1,3,3,3

موت ! کیا آ کے فقیروں سے تجھے لینا ہے مرنے سے آگے ہی ' یہ لوگ تو مَر جاتے ہیں

دیدوادید جو ہو جائے ، غنیمت سمجھو جوں شرر ورنہ ہم اے اہلِ نظر جاتے ہیں

بے ہنر ' دشمنی اہلِ ہُنر سے ' آ کر منہ پہ چڑھتے تو ہیں پر جی سے اُتر جاتے ہیں

(حصہ دوم)

3۔ سیاق و سباق کے حوالے سے کسی ایک جز کی تشریح کیجیے۔ نیز سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے : 1,1,3,10

(الف) عالم کا رنگِ بےرنگ دیکھ کر تدبیر اور مشورہ دو تجربہ کار دنیا سے کنارہ کش ہو گئے تھے اور ایک سیب کے درخت میں جُھولا ڈالے الگ باغ میں جُھولا کرتے تھے، البتہ جو صاحبِ ضرورت اُن کے پاس جاتا، اُسے صلاح مناسب بتا دیا کرتے تھے۔ یہ سب مل کر اُن کے پاس گئے کہ برائے خدا کوئی ایسی راہ نکالیے جس سے احتیاج و افلاس کی بلا سے بندگانِ خدا کو نجات ہو۔

(ورق الٹئے)

ParhloPakistan.com

3۔ (ب) جب کاپیوں کی تصحیح ہوئی اور پروف دیکھے گئے، تب بھی ان میں ترمیم کی گئی اور جب تک اس کی طرف سے پورا پورا اطمینان نہیں ہو گیا، اسے شائع نہیں کیا گیا۔ اس میں ڈھائی سال لگ گئے مگر ترجمہ بھی ایسا شُستہ و رفتہ اور بامحاورہ ہوا کہ اب پچھلے پچاس برس میں کوئی اور ترجمہ اس سے بہتر شائع نہیں ہو سکا۔

1,9 4۔ درج ذیل میں سے کسی ایک نصابی سبق کا خلاصہ لکھیے اور مصنف کا نام بھی تحریر کیجیے :

(الف) پہلی فتح ۔ (ب) قرطبہ کا قاضی ۔

5 5۔ نظم '' خدا سرسبز رکھے اس چمن کو مہرباں ہو کر '' کا خلاصہ تحریر کیجیے

20 6۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مفصل مضمون تحریر کیجیے :

(الف) میری پسندیدہ شخصیت ۔ (ب) وقت کی قدر و قیمت ۔

( ج ) تعلیمِ نسواں ۔

10 7۔ چھوٹے بھائی کو سگریٹ نوشی سے منع کرنے کے لیے خط لکھیے۔



ParhloPakistan.com